# یورپین ریفریشر کورس مجلس انصاراللہ 2024

# بمقام مسجد مبارک ٹلفورڈ یوکے

مورخہ 25 مئی بروز ہفتہ مجلس انصاراللہ یوکے کو یورپین ریفریشر کورس مجلس انصاراللہ منعقد کرنے کی توفیق ملی الحمدللہ۔

مجلس انصاراللہ یوکے کی دعوت اور ازراہ شفقت حضور انور ایدہ اللہ تعالی بنصرہ العزیز کی خصوصی اجازت سے نیشنل عاملہ مجلس انصاراللہ بیلجیئم کے گیارہ افراد کو صدر مجلس انصاراللہ بیلجیئم کی زیر قیادت اس ریفرشر کورس میں شامل ہونے کی سعادت نصیب ہوئی الحمدللہ۔

اس کی مختصر تفصیل کچھ یوں ہے مورخہ 23 اور 24 مئی کی درمیانی شب کو نیشنل عاملہ کے دس قائدین صدر مجلس انصاراللہ بیلجیئم کی قیادت میں یوکے کے لیے دو گاڑیوں میں روانہ ہوئے۔ جمعے کی صبح دس بجے کے قریب اللہ تعالی کے فضل سے قافلہ مسجد مبارک ٹلفورڈ پہنچ گیا۔ حضور انور کی امامت میں نماز جمعہ کے ساتھ ساتھ عصر اور مغرب وعشاء کی نمازیں پڑھنے کی سعادت بھی حاصل ہوئی۔ اس کے علاوہ مجلس انصاراللہ یوکے کے تحت ایک مشاعرے میں شامل ہونے کی توفیق بھی ملی۔ ہفتے کے روز ریفرشر کورس کے ساتھ ساتھ حضور انور کی امامت میں دوبارہ نمازیں پڑھنے کی توفیق ملی اور ہم سب کی خوش نصیبی کہ حضور انور نے ازراہ شفقت تمام یورپین صدران اور قائدین کے ساتھ ایک گروپ تصویر کھینچوائی اور پر معارف نصائح فرمائیں جس کا لب لباب یہ تھا فرمایا کہ نمازیں سنوار کر پڑھیں نمازیں مل گئیں تو سب کچھ مل گیا۔

اتوار 26 مئی کو تمام افراد الحمدللہ رات دس بجے کے قریب اپنے اپنے گھروں میں خدا کے فضل و کرم سے خیر وعافیت سے پہنچ گئے الحمدللہ۔

تمام شاملین کے مختصر تاثرات یہ تھے کہ ان سب کو علمی اور عملی لحاظ سے اپنے اپنے شعبوں کے لیے سیکھنے کے لیے بہت کچھ ملا ہے۔ آئندہ بھی اس طرح کے پروگرام ہوتے رہنے چاہییں اسی طرح تمام شاملین نے مجلس انصاراللہ یوکے کی مہمان نوازی کا بھی بہت شکریہ ادا کیا۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ہم سب کی حقیر خدمات قبول فرمائے آمین اور ہم سب کو پہلے سے بڑھ کر احسن رنگ میں خدمت دین کی توفیق عطا فرمائے آمین۔